
## ریاست نیویارک کا بچوں کو محفوظ رکھنے کا قانون - *بچوں کے لئے درکار حفاظتی انتظامات اختیاری نہیں ہیں بلکہ قانون ہیں!*

موٹر گاڑی میں سوار ہونے والے تمام بچوں کو **8 سال کی عمر تک** بچوں کے مناسب حفاظتی نظام کے تحت محفوظ ہونا چاہیے۔
بچوں کے تحفظ کا مناسب نظام وہ ہو گا جو صنعت کار کے تجویز کردہ بچے کے سائز اور وزن کے مطابق ہو۔




**بچوں کی نشوونما، بڑھوتری اور بچوں کی سیٹوں اور بوسٹر سیٹوں کی قد/وزن کی حدود میں فرق کے باعث سیٹ کی ہر قسم کے لئے عمر کی مجوزہ رینج مختلف ہے۔ بچوں کی سیٹ یا بوسٹر سیٹ کی تنصیب اور سیٹ کی قد/وزن کی حدود اور سیٹ کا مناسب استعمال جاننے کے لئے سیٹ کے مالک کا مینوئل استعمال کریں۔* اگر بچے کی عمر آٹھ سال ہو اور قد 4 فٹ 9 انچ سے کم ہو یا وزن 100 پاؤنڈ سے کم ہو تو تجویز دی جاتی ہے کہ آپ بچے کے حفاظتی نظام کا استعمال جاری رکھیں۔

### سیٹ بیلٹ

**8 - 12 سال+***

آپ کی گاڑی کی سیفٹی بیلٹ بچوں کے لئے نہیں بنائی گئی۔ بہترین طریقہ کاروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر سیٹ بیلٹ پوری طرح فٹ آنے تک بوسٹر سیٹ استعمال کی جائے تو بچے زیادہ محفوظ رہتے ہیں۔

**درج ذیل صورتوں میں سیٹ بیلٹ اچھی طرح فٹ آتی ہے:**

1. کندھے کی بیلٹ کندھے اور سینے پر پوری آئے اور گردن یا چہرے کے اوپر نہ آئے۔
2. گود کی بیلٹ ران کے اوپری حصے پر آئے (نہ کہ پیٹ پر)۔
3. بچوں کو اتنا لمبا ہونا چاہیے کہ وہ گاڑی کی پچھلی سیٹ پر کمر لگا کر اپنے گھٹنے سیٹ کے کنارے سے نیچے موڑ سکیں۔

یہ انتہائی مجوزہ ہے کہ 12 سالہ اور اس سے کم عمر بچوں کو پچھلی سیٹ میں مناسب طریقے سے سیٹ بیلٹ باندھ کر بٹھایا جائے۔

### بوسٹر سیٹ

**4 - 7 سال+***

تجویز دی جاتی ہے کہ جب تک بچہ سیٹ بنانے والے کی اجازت کے مطابق زیادہ سے زیادہ قد یا وزن تک نہ پہنچ جائے، تب تک وہ پچھلی سیٹ میں پٹے کے ساتھ سامنے کے رخ والی بچوں کی سیٹ پر بیٹھے۔

جب بچہ پٹے کے ساتھ سامنے کے رخ والی بچوں کی سیٹ سے بڑا ہو جائے تو اسے گاڑی کی پچھلی سیٹ میں بوسٹر سیٹ رکھ کر بٹھائیں۔ (مجموعی سیٹیں پٹے کے ساتھ سامنے کے رخ والی اور بوسٹر سیٹوں کا مجموعہ ہوتی ہیں)

**بوسٹر سیٹ میں بیلٹ کی پوزیشن:**

1. کندھے کی بیلٹ کندھے اور سینے پر پوری آئے اور گردن یا چہرے کے اوپر نہ آئے۔
2. گود کی بیلٹ ران کے اوپری حصے پر آئے (نہ کہ پیٹ پر)۔

### سامنے کے رخ والی بچوں کی سیٹ

**عمر 2 سال سے کم از کم 5 سال***

جب بچہ پیچھے کے رخ والی سیٹ یا پیچھے کے رخ والی سیٹ کی پوزیشن سے بڑا ہو جائے تو اسے کم از کم 5 سال کی عمر یا بچوں کی سیٹ کے وزن یا قد کی زیادہ سے زیادہ حد پار کرنے تک پچھلی سیٹ میں سامنے کے رخ والی سیٹ میں پٹا استعمال کرتے ہوئے بیٹھنا چاہیے۔ (کنورٹیبل سیٹوں کو آگے اور پیچھے دونوں رخوں پر استعمال کیا جا سکتا ہے/ مجموعی سیٹیں پٹے کے ساتھ سامنے کے رخ والی اور بوسٹر سیٹوں کا مجموعہ ہوتی ہیں)

**سامنے کے رخ والے پٹے کی پوزیشن**

پٹے کی پوزیشن کندھوں پر یا ان کے اوپر ہوتی ہے۔

پٹے کے کلپ کی پوزیشن سینے پر بغلوں کے درمیان ہوتی ہے

نچلے پٹے کو کولہوں پر آنا چاہیے، نہ کہ پیٹ پر

### پیچھے کے رخ والی بچوں کی سیٹ

**پیدائش سے کم از کم 2 سال تک***

بچے کو کم از کم 2 سال کی عمر یا بچوں کی سیٹ کے وزن یا قد کی زیادہ سے زیادہ حد پار کرنے تک پچھلی سیٹ میں پیچھے کے رخ والی سیٹ میں بیٹھنا چاہیے۔
(کنورٹیبل سیٹوں کو آگے اور پیچھے دونوں رخوں پر استعمال کیا جا سکتا ہے)

**پیچھے کے رخ والے پٹے کی پوزیشن**

پٹے کندھوں پر یا ان کے نیچے آتے ہیں

پٹے کے کلپ کی پوزیشن سینے پر بغلوں کے درمیان ہوتی ہے

نچلے پٹے کو کولہوں پر آنا چاہیے، نہ کہ پیٹ پر

---

اگلی سیٹ میں ڈرائیور اور ہر مسافر کو سیٹ بیلٹ باندھنی چاہیے، فی بندہ ایک بیلٹ۔ ڈرائیور اور 16 سال یا زائد عمر کے اگلی سیٹ کے مسافروں کے سیٹ بیلٹ نہ باندھنے پر ہر شخص پر $50 کا جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔

**تنصیب***

بوسٹر سیٹوں میں بچے کو محفوظ کرنے کے لئے سیٹ بیلٹ استعمال کی جاتی ہے اور یہ بیلٹ کو بچے کی گردن اور چہرے سے ہٹانے میں مدد دیتی ہیں اور بچے کو ایسی پوزیشن میں لے آتی ہیں جس میں ٹانگوں کی بیلٹ پیٹ سے ہٹ جائے۔

اگر بوسٹر سیٹ میں جوڑنے کی جگہ بنی ہو تو اسے گاڑی سے جوڑ دیں۔

**تنصیب***

سامنے کے رخ والی بچوں کی سیٹ کو گاڑی کی سیٹ بیلٹ یا نچلے اینکرز اور جوڑنے کی جگہ (اگر دستیاب ہو) کے ساتھ گاڑی کی سیٹ سے جوڑا جانا چاہیے۔

مناسب طریقے سے نصب کی گئی بچوں کی سیٹ کو اطراف میں یا آگے پیچھے ایک انچ سے زیادہ حرکت نہیں کرنی چاہیے۔

کبھی بچوں کی سیٹ کو فعال ایئر بیگ کے سامنے نہ رکھیں۔

**تنصیب***

پیچھے کے رخ والی بچوں کی سیٹ کو گاڑی کی سیٹ بیلٹ یا نچلے اینکرز کے ساتھ گاڑی کی سیٹ سے جوڑا جانا چاہیے۔

مناسب طریقے سے نصب کی گئی بچوں کی سیٹ کو اطراف میں یا آگے پیچھے ایک انچ سے زیادہ حرکت نہیں کرنی چاہیے۔

کبھی بچوں کی سیٹ کو فعال ایئر بیگ کے سامنے نہ رکھیں۔

---

**گاڑی میں موجود ہر شخص کو عمر یا بیٹھنے کی پوزیشن سے قطع نظر حفاظتی پٹے کے ذریعے محفوظ ہونا چاہیے۔ 16 سال سے کم عمر ہر مسافر کو سیٹ بیلٹ پہننی چاہیے یا بچوں کے تحفظ کا مناسب نظام استعمال کرنا چاہیے۔ ڈرائیور کو یقینی بنانا چاہیے کہ 16 سال سے کم عمر ہر مسافر قانون پر عمل کرے۔ ہر خلاف ورزی پر ڈرائیور کو $25 تا $100 کا جرمانہ کیا جا سکتا ہے اور ڈرائیور لائسنس پر تین مرتبہ پینلٹی عائد کی جا سکتی ہے۔**

**CPS Seat Chart Flyer 11 x 17 .Urdu .TS.CPS.2017**

This flyer was modified Aug .Graphic design: adapted from National Highway Traffic Safety Administration .American Academy of Pediatrics Safety Committee :Child passenger seat recommendations
Translations provided by **Tone** at tonetranslate.com a division of .2017 by Mohawk Valley Resource Center for Refugees with recommendations from the New York State Governors Traffic Committee
This project is made possible through the Mohawk Valley Resource Center for Refugees' Child Passenger Safety program funded by the National .Mohawk Valley Resource Center for Refugees
.Highway Traffic Safety Administration with a grant from the New York State Governor's Traffic Safety Committee

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Governor's Traffic Safety Committee

MVRCR MOHAWK VALLEY RESOURCE CENTER FOR REFUGEES

tone translation of nearly everything